**Roll. No. ........................**

**O.M.R. Serial No.** | | | | | | | | |

| Question Booklet Number |
|---|
| |

# M.A. (SEM.-IV) (NEP) (SUPPLE.)EXAMINATION, 2024-25

# URDU

## ( Special Study of Sir Syed )

## (Elective)

| Paper Code | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | 0 | 3 | 1 | 0 | 0 | 8 | T |

| Question Booklet Series |
|---|
| A |

**Time : 1 : 30 Hours** **Max. Marks : 75**

**Instructions to the Examinee :**

1. Do not open the booklet unless you are asked to do so.
2. The booklet contains 100 questions. Examinee is required to answer 75 questions in the OMR Answer-Sheet provided and not in the question booklet. All questions carry equal marks.
3. Examine the Booklet and the OMR Answer-Sheet very carefully before you proceed. Faulty question booklet due to missing or duplicate pages/questions or having any other discrepancy should be got immediately replaced.
4. Four alternative answers are mentioned for each question as - A, B, C & D in the booklet. The candidate has to choose the correct / answer and mark the same in the OMR Answer-Sheet as per the direction :

***(Remaining instructions on last page)***

**परीक्षार्थियों के लिए निर्देश :**

1. प्रश्न-पुस्तिका को तब तक न खोलें जब तक आपसे कहा न जाए।
2. प्रश्न-पुस्तिका में 100 प्रश्न हैं। परीक्षार्थी को 75 प्रश्नों को केवल दी गई OMR आन्सर-शीट पर ही हल करना है, प्रश्न-पुस्तिका पर नहीं। सभी प्रश्नों के अंक समान हैं।
3. प्रश्नों के उत्तर अंकित करने से पूर्व प्रश्न-पुस्तिका तथा OMR आन्सर-शीट को सावधानीपूर्वक देख लें। दोषपूर्ण प्रश्न-पुस्तिका जिसमें कुछ भाग छपने से छूट गए हों या प्रश्न एक से अधिक बार छप गए हों या उसमें किसी अन्य प्रकार की कमी हो, उसे तुरन्त बदल लें।
4. प्रश्न-पुस्तिका में प्रत्येक प्रश्न के चार सम्भावित उत्तर- A, B, C एवं D हैं। परीक्षार्थी को उन चारों विकल्पों में से सही उत्तर छाँटना है। उत्तर को OMR उत्तर-पत्रक में सम्बन्धित प्रश्न संख्या में निम्न प्रकार भरना है :

*(शेष निर्देश अन्तिम पृष्ठ पर)*

1۔ سرسید نے لندن میں ''خطبات احمدیہ'' کے نام سے ایک کتاب لکھی۔ ''خطبات احمدیہ'' کس کتاب کا جواب ہے؟

(A) بیسک آف اسلام

(B) لائف آف محمد

(C) لائل محمڈنز آف انڈیا

(D) تاریخِ محمدی

2۔ سرسید کی کتاب ''آثار الصنادید'' کا ترجمہ گارساں دتاسی نے کس زبان میں کیا؟

(A) عربی

(B) جرمنی

(C) ہندی

(D) فرانسیسی

3۔ سرسید کے مضامین کس وجہ سے اردوداں طبقوں میں بے حد مشہور ہوئے؟

(A) فارسی آمیز زبان

(B) مبالغہ آرائی

(C) سادہ اور سلیس اردو

(D) عربی الفاظوں کی بھرمار

4۔ سرسید نے 1875ء میں کس کالج کی بنیاد علی گڑھ میں ڈالی؟

(A) کالج آف میسور

(B) محمڈن اینگلو اورینٹل کالج

(C) فورٹ ولیم کالج

(D) دلّی کالج

5۔ ذیل میں سے کس کتاب کا تعلق 1857ء کے انقلاب سے ہے؟

(A) اسبابِ بغاوت ہند

(B) تاریخ ہندوستان

(C) یادگارِ غالب

(D) آثار الصنادید

6۔ ذیل میں سے کس کتاب کو اردو تنقید کی اولین کتاب کا درجہ حاصل ہے؟

(A) آب حیات

(B) الفاروق

(C) مقدمہ شعروشاعری

(D) موازنۂ انیس ودبیر

7۔ انگریزی زبان کے مضمون نگار ''ایڈیسن'' اور ''اسٹیل'' سے متاثر ہونے والے ادیب کا انتخاب کیجیے:

(A) الطاف حسین حالی

(B) ذکاءاللہ

(C) شبلی نعمانی

(D) سرسید

8۔ سرسید احمد خان کو کس خطاب سے نوازا گیا تھا؟

(A) شہنشاہِ ادب

(B) جوادالدولہ عارف جنگ

(C) ستارۂ ہند

(D) خاقانی ہند

9۔ ذیل میں سے سرسید کے کس ہم عصر کے والد کو انگریزی حکومت کے خلاف تحریک آزادی میں حصہ لینے کی پاداش میں موت کی سزا دی گئی؟

(A) محمد حسین آزاد

(B) وقارالملک

(C) مولوی ذکاءاللہ

(D) نواب محسن الملک

10۔ ''مسلم ایجوکیشنل کانفرنس'' نامی تعلیمی ادارہ کی بنیاد کس نے رکھی؟

(A) غالب

(B) آزاد

(C) حالی

(D) سرسید

11۔ اسپیکٹیٹر اورٹیٹلر نامی انگریزی جرنل سے متاثر ہوکر سرسید نے کس رسالے کی بنیاڈالی؟

(A) البلاغ

(B) تہذیب الاخلاق

(C) سیدالاخبار

(D) ہمدرد

12۔ سرسید کی کس کتاب میں دلّی کی تاریخی عمارتوں کا ذکرموجود ہے؟

(A) جامِ جم

(B) خطباتِ احمدیہ

(C) تاریخ الصنادید

(D) اسباب بغاوتِ ہند

13۔ سرسید کی فرمائش پر کس شاعر نے ''مسدس مدوجزر اسلام'' تحریر کی؟

(A) الطاف حسین حالی

(B) شبلی نعمانی

(C) ابراہیم ذوق

(D) مرزا غالب

14۔ سرسید کے رفقامیں کسے کثیر التصانیف ادیب ہونے کا درجہ حاصل ہے؟

(A) محمد حسین آزاد

(B) مولوی ذکاءاللہ

(C) نواب محسن الملک

(D) مولانا شبلی نعمانی

15۔ سرسید کی کتاب ''خطبات احمدیہ'' میں کل کتنے خطبے موجود ہیں؟

(A) چار

(B) بیس

(C) آٹھ

(D) بارہ

16۔ نیچے دی گئی کتابوں میں سے کس کتاب کے مصنف سرسید احمد خان نہیں ہیں؟

(A) جامِ جم

(B) آثارالصنادید

(C) آبِ حیات

(D) اسباب بغاوتِ ہند

17۔ سرسید احمد خان اپریل 1869ء میں بنارس سے کس ملک کے سفر پر روانہ ہوئے؟

(A) ایران

(B) جاپان

(C) نیپال

(D) انگلستان

18۔ ذیل ناموں میں سے سرسید احمد خاں کی والدہ کے نام کی نشاندہی کیجیے:

(A) عزیزالنساء بیگم

(B) مختارالنسا بیگم

(C) محمدالنسا بیگم

(D) احمدالنساء بیگم

19۔ سرسید انگلستان کا سفر مکمل کر ہندوستان کب واپس آئے؟

(A) 1890ء میں

(B) 1870ء میں

(C) 1877ء میں

(D) 1881ء میں

20۔ سن 1920ء میں محمڈن اینگلو اورینٹل کالج کس یونیورسٹی میں تبدیل ہو گیا؟

(A) دلّی یونیورسٹی

(B) جواہر لعل نہرو یونیورسٹی

(C) علی گڑھ مسلم یونیورسٹی

(D) بمبئی یونیورسٹی

21۔ سرسید احمد خاں نے کس تحریک کی بنیاد ڈالی؟

(A) اصلاحِ زبان کی تحریک

(B) ترقی پسند تحریک

(C) جدیدیت کی تحریک

(D) علی گڑھ تحریک

22۔ ذیل میں سے کس شاعر نے کھل کر علی گڑھ تحریک کی مخالفت کی؟

(A) اکبرالٰہ آبادی

(B) ن۔م۔راشد

(C) الطاف حسین حالی

(D) فیض احمد فیض

23۔ ان میں سے کس کا شمار ''عناصر خمسہ'' میں ہوتا ہے؟

(A) مولوی ذکاءاللہ

(B) محمد حسین آزاد

(C) وقارالملک

(D) مرزا غالب

24۔ مندرجہ ذیل کتابوں میں سے کون سی کتاب سرسید کی پہلی کتاب ہے؟

(A) اسباب بغاوتِ ہند

(B) آثارالصنادید

(C) خطبات احمدیہ

(D) جامِ جم

25۔ سرسید احمد خاں نے ''آئین اکبری'' کی تقریظ لکھنے کی فرمائش کس سے کی تھی؟

(A) غالبؔ

(B) حالیؔ

(C) سرورؔ

(D) اکبرؔ

26۔ ''اگرچہ میں کسی کو فکرو شعر کی صلاح نہیں دیا کرتا لیکن تمہاری نسبت میرا خیال ہے کہ اگر تم شعر نہ کہوگے تو تم اپنی طبیعت پر سخت ظلم کروگے۔'' مرزا غالب نے سرسید کے کس ہم عصر شاعر کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے یہ کلمات کہے؟

(A) ذوقؔ

(B) حالیؔ

(C) شبلیؔ

(D) آزادؔ

27۔ سرسید احمد خاں کی ولادت کب اور کہاں ہوئی؟

(A) 1832، دلّی

(B) 1817، دلّی

(C) 1817، حیدرآباد

(D) 1810، اجمیر

28۔ سرسید احمد خاں کی کتاب ''خطبات احمدیہ'' کا موضوع کیا ہے؟

(A) سیرتِ حضرت محمد ﷺ

(B) معاشی مسائل

(C) تاریخ ہندوستان

(D) آداب و اطوار

29۔ ''میر امّن کو اردو نثر میں وہی مرتبہ حاصل ہے جو میر تقی میر کو شاعری میں حاصل ہے۔'' کس کا قول ہے؟

(A) بہادر شاہ ظفر

(B) محمد علی جوہر

(C) مرزا غالب

(D) سرسید

30۔ مندرجہ ذیل میں سے کس نے سرسید کو ''اردو نثر کا مورثِ اعلیٰ'' قرار دیا؟

(A) سرورؔ

(B) اکبرؔ

(C) حالیؔ

(D) میرؔ

31۔ سرسید احمد خاں کے مضامین میں کون سا پہلو سب سے زیادہ نمایاں ہے؟

(A) حقیقت پسندی

(B) طنز و مزاح

(C) رومانیت

(D) فکشن

32۔ سرسید کے انتقال کے بعد ان کی تجہیز و تکفین کا انتظام کس نے کروایا؟

(A) الطاف حسین حالی

(B) محسن الملک

(C) شبلی نعمانی

(D) نذیر احمد

33۔ رسالہ ''تہذیب الاخلاق'' کے اجرا کا بنیادی مقصد کیا تھا؟

(A) مذہبی مناظرہ کرانا

(B) ادب میں رومانویت کا اضافہ کرنا

(C) انگریزی حکومت کا خاتمہ کرنا

(D) مسلمانوں کی اصلاح و تعلیم کو عام کرنا

34۔ سرسید کی تعلیمی تحریک کی مخالفت سب سے زیادہ کس طبقے نے کی تھی؟

(A) صوفیا

(B) سیاست داں

(C) علماء

(D) سائنس داں

35۔ ذیل میں سے کس کا تعلق سرسید احمد خان سے ہے؟

(A) تفسیر القرآن

(B) آب حیات

(C) دستنبو

(D) مقدمہ شعر و شاعری

36۔ سرسید کے مضامین میں سب سے زیادہ نمایاں عنصر کیا ہیں؟

(A) رومانیت

(B) منطق اور استدلال

(C) طنز و مزاح

(D) جذباتیت

37۔ الطاف حسین حاؔلی کی تصنیف ''حیات جاوید'' کو کس نے مدلّل مداحی کے نام سے پکارا؟

(A) رشید احمد صدیقی

(B) محمد حسین آزاد

(C) شبلی نعمانی

(D) رجب علی بیگ سرور

38۔ میر متقی کا سرسید سے کیا تعلق تھا؟

(A) دادا

(B) چچا

(C) نانا

(D) والد

39۔ مندرجہ ذیل میں سے کس کا تعلق علی گڑھ تحریک سے نہیں تھا؟

(A) پریم چند

(B) سرسید

(C) الطاف حسین حالی

(D) مولوی ذکاء اللہ

40۔ ''سرسید احمد خاں: تاریخی وسیاسی آئینہ میں'' کتاب کے مصنف کا نام بتایئے:

(A) عبدالحق

(B) شان محمد

(C) قمر رئیس

(D) احتشام حسین

41۔ مولانا الطاف حسین حالی نے کس کتاب میں سرسید احمد کی ذاتی زندگی اور عوامی زندگی کے تمام پہلوؤں کو بیان کیا؟

(A) حیات سید

(B) زندگی نامہ

(C) حیات جاوید

(D) اس آباد خرابے میں

42۔ علی گڑھ انسٹیٹیوٹ گزٹ کس زبان میں شائع ہوتا تھا؟

(A) اردو

(B) انگریزی

(C) دونوں زبانوں میں

(D) کسی زبان میں نہیں

43۔ سرسید احمد خاں نے توریت، انجیل اور قرآن کا تقابلی مطالعہ کیا ہے؟

(A) تاریخ فیروز شاہی

(B) اسباب بغاوت ہند

(C) توزک جہانگیری

(D) تبیین الکلام

44۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا مشہور شاعر سرسید احمد خاں کا ہم عصر نہیں تھا؟

(A) میرانیس

(B) مرزا دبیر

(C) اسرار الحق مجاز

(D) مرزا غالب

45۔ ''حیات جاوید'' کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(A) انشائیہ

(B) سوانح

(C) سفرنامہ

(D) خطوط

46۔ اردو نثر کی ارتقا میں سرسید احمد خاں کو کس نام سے یاد کیا جاتا ہے؟

(A) آقائے جدید نثر

(B) بابائے نثر اردو

(C) شاعر مشرق

(D) بانی جدید نثر

47۔ سرسید کی نثر کی وجہ سے سب سے زیادہ کس صنف کو تقویت حاصل ہوئی؟

(A) مضمون

(B) داستان

(C) قصیدہ

(D) افسانہ

48۔ شبلی نعمانی نے سرسید کے کن خیالات کو سب سے زیادہ تنقید کا نشانہ بنایا؟

(A) سیاسی

(B) ادبی

(C) مذہبی

(D) سماجی

49۔ ان میں سے کون سرسید کے ساتھ انگلستان کے سفر پر نہیں گیا تھا؟

(A) خداداد بیگ

(B) شبلی نعمانی

(C) سید محمود

(D) سید حامد

50۔ سرسید نے 1876ء میں پنشن لینے کے بعد کس شہر میں سکونت اختیار کی؟

(A) لاہور

(B) دلّی

(C) کلکتہ

(D) علی گڑھ

51۔ سرسید احمد خاں کو کس یونیورسٹی نے ''ڈاکٹر آف لا'' کی اعزازی سند سے نوازا؟

(A) کیمبرج یونیورسٹی

(B) ایڈنبرا یونیورسٹی

(C) آکسفورڈ یونیورسٹی

(D) برلن یونیورسٹی

52۔ ذیل کتابوں میں سے کس کتاب کو سرسید احمد خاں نے انگلستان کی پارلیمنٹ کے ممبر کو بھجوائی تھی؟

(A) اسباب بغاوت ہند

(B) آثارالصنادید

(C) حیات جاوید

(D) تاریخ سرکشی بجنور

53۔ علی گڑھ تحریک کا بنیادی مقصد کیا تھا؟

(A) شاعری کی ترقی

(B) سیاسی اتحاد

(C) تجارت میں اضافہ کرنا

(D) مسلمانوں کو جدید تعلیم سے آراستہ کرنا

54۔ سرسید سے قبل اردو ادب پر کس زبان کا رنگ حاوی تھا؟

(A) عربی

(B) جرمن

(C) فارسی

(D) انگریزی

55۔ ''سرسید کی انشاپردازی کا سب سے بڑا کمال یہ ہے کہ ہر قسم کے مختلف مضامین پر کچھ نہ کچھ بلکہ بہت کچھ لکھا ہے اور جس مضمون کو لکھا ہے اس درجہ پر پہونچا دیا ہے کہ اس سے بڑھ کر لکھنا ناممکن ہے۔'' سرسید کے متعلق یہ قول کس کا ہے؟

(A) نورالحسن نقوی

(B) مولوی عبدالحق

(C) عشرت رحمانی

(D) احتشام حسین

56۔ ذیل میں سے کون سا مضمون سرسید احمد خاں کا ہے؟

(A) بحث وتکرار

(B) چارپائی

(C) انسان کسی حال میں خوش نہیں رہتا

(D) سائیکل

57۔ سرسید احمد خاں کے مضامین کا بنیادی موضوع کا انتخاب کیجیے:

(A) آپسی رنجش

(B) جنگ وسیاست

(C) اصلاح اور مذہب

(D) فکرمعاش

58۔ کتاب ''سرسید احمد خاں اوران کا عہد'' کے مصنف کا نام بتایئے:

(A) انتظارحسین

(B) ثریاحسین

(C) عبداللہ حسین

(D) اخترحسین

59۔ سرسید نے اپنے نانا دبیرالدولہ کی سوانح عمری کس نام سے لکھی؟

(A) زندگی نامہ

(B) آثارالصنادید

(C) تبیین الکلام

(D) سیرتِ فریدیہ

60۔ سرسید احمد خاں کے کس کام نے مسلمانوں میں بیداری پیدا کرنے اور تعلیم وتہذیب پر خاص توجہ دینے کا کام کیا؟

(A) اسباب بغاوت ہند نے

(B) خطبات احمدیہ نے

(C) تہذیب الاخلاق نے

(D) سائنٹفک سوسائٹی نے

61۔ سرسید نے انگلستان کے سفر کا آغاز کب کیا؟

(A) 1869

(B) 1891

(C) 1852

(D) 1875

62۔ سرسید احمد خان کے کس ہم عصر کو ''آقائے اردو'' کے نام سے جانا جاتا ہے؟

(A) الطاف حسین حالی

(B) محمد حسین آزاد

(C) قمر رئیس

(D) شبلی نعمانی

63۔ سرسید احمد خاں نے کس عہد کے سماجی و سیاسی حالات میں آنکھیں کھولیں؟

(A) تیموری عہد

(B) برطانوی عہد

(C) زوال پذیر مغلیہ عہد

(D) نادر شاہی عہد

64۔ مہدی افادی نے سرسید، حالی، شبلی ، نذیر احمد اور مولانا محمد حسین آزاد کو کس نام سے پکارا؟

(A) ادیبوں کی جماعت

(B) اردو کے اہم محقق

(C) رہبروں کی جماعت

(D) اردو کے عناصر خمسہ

65۔ سرسید احمد خان کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟

(A) 1877، بمبئی

(B) 1898، علی گڑھ

(C) 1912، دلّی

(D) 1857، علی گڑھ

66۔ سرسید کے بڑے بھائی کا کیا نام تھا؟

(A) سید محمد خاں

(B) سید رحمت خان

(C) سید امجد خان

(D) سید برکت خاں

67۔ سرسید کے بڑے بھائی نے کون سا اخبار نکالا؟

(A) آہنگ

(B) ہمدرد

(C) سید الاخبار

(D) الہلال

68۔ ذیل میں سے کس شاعر کا تعلق عہد سرسید سے نہیں ہے؟

(A) الطاف حسین حالی

(B) مرزا غالب

(C) میر انیس

(D) فیض احمد فیض

69۔ سرسید احمد خاں نے ابتدائی دور میں شاعری بھی کی تھی، ذیل میں سے ان کے تخلص کا انتخاب کیجیے:

(A) حزیںؔ

(B) آہیؔ

(C) ہادیؔ

(D) ماضیؔ

70۔ ذیل میں سے کس کا تعلق علی گڑھ تحریک سے نہیں تھا؟

(A) حسرت موہانی

(B) نواب محسن الملک

(C) نذیر احمد

(D) الطاف حسین حالی

71۔ سرسید کے کس ہم عصر نے ''انڈین پینل کوڈ'' کا اردو ترجمہ کیا؟

(A) مرزا غالب

(B) رجب علی بیگ سرور

(C) نذیر احمد

(D) محمد حسین آزاد

72۔ ''سرسید اور ان کے نامور رفقاء'' کے مصنف کا انتخاب کیجیے:

(A) شمس الرحمٰن فاروقی

(B) عبدالحق

(C) ذکاءاللہ

(D) سید عبداللہ

73۔ سرسید نے ''تفسیر القرآن'' کس زبان میں لکھی؟

(A) سنسکرت

(B) اردو

(C) عربی

(D) فارسی

74۔ سرسید کے نزدیک عام مسلمانوں کی پسماندگی کی سب سے اہم وجہ کیا تھی؟

(A) سیاسی انتشار

(B) فرقہ پرستی

(C) جہالت یعنی تعلیم سے دوری

(D) غربت

75۔ سرسید کی نثر پر سب سے زیادہ کس زبان کا اثر نمایاں ہے؟

(A) سنسکرت

(B) انگریزی

(C) جرمن

(D) ترکی

76۔ سرسید نے قرآن مجید کی تفسیر میں کس پہلو کو زیادہ نمایاں کیا؟

(A) سائنسی و عقلی پہلو

(B) لفظ بہ لفظ ترجمہ

(C) روایتی پہلو

(D) لغوی بحث

77۔ ''پنجاب کے مسلمان سرسید کی منادی پر اس طرح دوڑے جیسے پیاسا پانی پر۔'' کس کا قول ہے؟

(A) آزادؔ

(B) شبلیؔ

(C) ذوقؔ

(D) حالیؔ

78۔ سرسید احمد خاں نے 1862ء میں ایک سوسائٹی قائم کی جس نے ترجمے کے ساتھ ساتھ دیگر ادبی کارناموں کو فروغ دیا۔ دئے گئے ناموں میں سے اس سوسائٹی کے نام کا انتخاب کیجیے:

(A) ادبی سوسائٹی

(B) معاشی سوسائٹی

(C) سائنٹفک سوسائٹی

(D) سماجیاتی سوسائٹی

79۔ سرسید احمد خاں نے منصفی کا امتحان کب پاس کیا؟

(A) 1825ء میں

(B) 1840ء میں

(C) 1890ء میں

(D) 1857ء میں

80۔ نذیر احمد نے ''انڈین پینل کوڈ'' کا اردو ترجمہ کس نام سے کیا؟

(A) تعذیرات ہند

(B) اصول اور قاعدے

(C) تعذیراتِ کوڈ

(D) ہند کا قانون

81۔ سرسید کے والد کا انتقال کب ہوا؟

(A) 1821ء میں

(B) 1852ء میں

(C) 1898ء میں

(D) 1838ء میں

82۔ آپ کے نصاب میں شامل کتاب ''مقالات سرسید'' کے مصنف کا انتخاب کیجیے:

(A) نصیر احمد خان

(B) میکش اکبر آبادی

(C) عبداللہ خویشگی

(D) گوپی چند نارنگ

83۔ ''حیات جاوید'' پہلی بار شائع ہو کر کب منظر عام پر آئی؟

(A) 1893

(B) 1901

(C) 1910

(D) 1909

84۔ سرسید کی نثر میں سادگی کے ساتھ ساتھ سب سے زیادہ نمایاں عنصر کون سا ہے؟

(A) فارسی زدہ اسلوب

(B) قصہ گوئی

(C) عربی تراکیب

(D) عقلیت اور دلیل

85۔ ضلع بجنور میں پیش آنے والے تاریخی واقعات وحالات کو سرسید کی کس کتاب میں تفصیل سے قلم بند کیا گیا ہے؟

(A) جامِ جم

(B) تاریخ سرکشی بجنور

(C) آثار الصنادید

(D) اسبابِ بغاوتِ ہند

86۔ اردو نثر کو ''انشا پردازی'' سے ''اصلاحی تحریر'' کی طرف لے جانے کا سہرا کس کے سر ہے؟

(A) رجب علی بیگ سرور

(B) محمد حسین آزاد

(C) سرسید احمد خاں

(D) شبلی نعمانی

87۔ سرسید کی سوانح حیات لکھنے والے الطاف حسین حالی کا انتقال کب ہوا؟

(A) 1914

(B) 1958

(C) 1935

(D) 1947

88۔ سرسید کی کون سی کتاب تاریخی وتہذیبی مطالعے کے لیے دستاویزی حیثیت کی حامل ہے؟

(A) تبیین الکلام

(B) خطبات احمدیہ

(C) اختر شماری

(D) آثارالصنادید

89۔ ''تہذیب الاخلاق'' کی ادبی روایت کس یورپی جریدے سے متاثر تھی؟

(A) Wall Street

(B) Guardian

(C) Spectator

(D) Washington Post

90۔ سرسید کی صحافت میں کن موضوعات پر سب سے زیادہ زور دیا گیا؟

(A) سیاست وآزادی

(B) تعلیم، اخلاق اور مذہب

(C) شاعری اور افسانہ

(D) معیشت وتجارت

91۔ سر سید احمد خاں کی کتاب ''آثار الصنادید'' کی زبان اور اسلوب میں کون سا عنصر غالب حیثیت رکھتا ہے؟

(A) مبالغہ آرائی

(B) شاعرانہ انداز

(C) مبہم انداز

(D) محققانہ انداز

92۔ سر سید کو کس ملک کے سفر کرنے کے لیے اپنا کتب خانہ فروخت کرنا پڑا؟

(A) روم

(B) جاپان

(C) انگلستان

(D) افغانستان

93۔ سر سید احمد خاں کی نثر میں سب سے نمایاں خصوصیت کا انتخاب کیجیے:

(A) فصاحت و بلاغت پر زور

(B) سادہ، سلیس اور اصلاحی انداز

(C) محاوروں اور ضرب الامثال پر زور

(D) فارسی تراکیب اور استعاروں پر زور

94۔ مولانا الطاف حسین حالؔی نے ''حیات جاوید'' کو کتنے حصے میں تقسیم کیا ہے؟

(A) دو

(B) چار

(C) بارہ

(D) آٹھ

95۔ سر سید احمد خاں کس صنف میں سب سے زیادہ مقبول ہوئے؟

(A) نظم

(B) ناول

(C) داستان

(D) مضمون

96۔ ''سرسید احمد خان کی صحافت نگاری'' کتاب کے مصنف کا نام بتائیے:

(A) اسمٰعیل میرٹھی

(B) اصغر عباس

(C) محمد حسن

(D) احتشام حسین

97۔ رسالہ ''تہذیب الاخلاق'' پہلی بار کب جاری ہوا؟

(A) 1852ء میں

(B) 1890ء میں

(C) 1870ء میں

(D) 1888ء میں

98۔ مندرجہ ذیل شاعروں میں سے کس نے سرسید احمد کی سوانح حیات کس نے لکھی؟

(A) الطاف حسین حالی

(B) میر تقی میر

(C) مرزا غالب

(D) شبلی نعمانی

99۔ سرسید احمد خاں نے سائنٹفک سوسائٹی کو علی گڑھ کب منتقل کیا؟

(A) 1857

(B) 1864

(C) 1891

(D) 1870

100۔ سرسید احمد خان نے سائنٹفک سوسائٹی کی بنیاد کس شہر میں ڈالی؟

(A) الٰہ آباد

(B) جونپور

(C) رام پور

(D) غازی پور

## Rough Work

**Example :**

**Question :**

Q.1 Ⓐ ● Ⓒ Ⓓ

Q.2 Ⓐ Ⓑ ● Ⓓ

Q.3 Ⓐ ● Ⓒ Ⓓ

5. Each question carries equal marks. Marks will be awarded according to the number of correct answers you have.

6. All answers are to be given on OMR Answer Sheet only. Answers given anywhere other than the place specified in the answer sheet will not be considered valid.

7. Before writing anything on the OMR Answer Sheet, all the instructions given in it should be read carefully.

8. After the completion of the examination, candidates should leave the examination hall only after providing their OMR Answer Sheet to the invigilator. Candidate can carry their Question Booklet.

9. There will be no negative marking.

10. Rough work, if any, should be done on the blank pages provided for the purpose in the booklet.

11. To bring and use of log-book, calculator, pager & cellular phone in examination hall is prohibited.

12. In case of any difference found in English and Hindi version of the question, the English version of the question will be held authentic.

**Impt. On opening the question booklet, first check that all the pages of the question booklet are printed properly. If there is any discrepancy in the question Booklet, then after showing it to the invigilator, get another question Booklet of the same series.**

उदाहरण :

प्रश्न :

प्रश्न 1 Ⓐ ● Ⓒ Ⓓ

प्रश्न 2 Ⓐ Ⓑ ● Ⓓ

प्रश्न 3 Ⓐ ● Ⓒ Ⓓ

5. प्रत्येक प्रश्न के अंक समान हैं। आपके जितने उत्तर सही होंगे, उन्हीं के अनुसार अंक प्रदान किये जायेंगे।

6. सभी उत्तर केवल ओ०एम०आर० उत्तर-पत्रक (OMR Answer Sheet) पर ही दिये जाने हैं। उत्तर-पत्रक में निर्धारित स्थान के अलावा अन्यत्र कहीं पर दिया गया उत्तर मान्य नहीं होगा।

7. ओ०एम०आर० उत्तर-पत्रक (OMR Answer Sheet) पर कुछ भी लिखने से पूर्व उसमें दिये गये सभी अनुदेशों को सावधानीपूर्वक पढ़ लिया जाये।

8. परीक्षा समाप्ति के उपरान्त परीक्षार्थी कक्ष निरीक्षक को अपनी OMR Answer Sheet उपलब्ध कराने के बाद ही परीक्षा कक्ष से प्रस्थान करें। परीक्षार्थी अपने साथ प्रश्न-पुस्तिका ले जा सकते हैं।

9. निगेटिव मार्किंग नहीं है।

10. कोई भी रफ कार्य, प्रश्न-पुस्तिका में, रफ-कार्य के लिए दिए खाली पेज पर ही किया जाना चाहिए।

11. परीक्षा-कक्ष में लॉग-बुक, कैल्कुलेटर, पेजर तथा सेल्युलर फोन ले जाना तथा उसका उपयोग करना वर्जित है।

12. प्रश्न के हिन्दी एवं अंग्रेजी रूपान्तरण में भिन्नता होने की दशा में प्रश्न का अंग्रेजी रूपान्तरण ही मान्य होगा।

**महत्वपूर्णः प्रश्नपुस्तिका खोलने पर प्रथमतः जाँच कर देख लें कि प्रश्नपुस्तिका के सभी पृष्ठ भलीभाँति छपे हुए हैं। यदि प्रश्नपुस्तिका में कोई कमी हो, तो कक्षनिरीक्षक को दिखाकर उसी सिरीज की दूसरी प्रश्नपुस्तिका प्राप्त कर लें।**